ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (06)

03-01-2023

**بہاول پور() پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں سے 03 کلو سے زائد چرس، 07 پسٹل 30 بور، 02 رپیٹر 12 بور، 01 کاربین 12 بور اور 01 عدد پسٹل 9 ایم ایم برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ کینٹ اور دھوڑکوٹ نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا ،جن کے قبضہ سے 85 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ کینٹ، بغدادالجدید اور سٹی احمد پور شرقیہ نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 3290 گرام چرس اور 50 گرام آئس برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ سول لائنز، چنی گوٹھ اور خیر پور ٹامیوالی نے ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 03 ملزمان کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کردیا۔ جبکہ سمہ سٹہ، دھوڑکوٹ، سٹی یزمان اور صدر بہاولپور نے اسلحہ ناجائز کے خلاف کاررائی کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کرکے قبضہ سے 07 عدد پسٹل ،02 عدد رپیٹر 12 بور، 01 عدد کاربین 12 بور اور 01 عدد پسٹل 9 ایم ایم برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (07)

03-01-2023

**بہاولپور( ) پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی برانچ کی طرف سے سال 2022 میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 710 موبائل فون اور گذشتہ ماہ دسمبر 2022 میں لاکھوں روپے مالیت کے 120 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے۔جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچانا ہمارا عزم ہے۔ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔سال 2022 میں بہاولپور پولیس نے ای گیجٹ کی مدد سے موبائل مارکیٹ اور شاپ کیپرز کے تعاون سے 60567 موبائل فون کو چیک کیا گیا جس میں کروڑوں روپے مالیت کے 710 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔ جبکہ گذشتہ ماہ دسمبر 2022 میں 8282 موبائل فون کو چیک کیا گیا جس میں لاکھوں روپے مالیت کے 120 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے۔پنجاب پولیس کے ای گیجٹ ایپ کا استعمال موثر ثابت ہو رہا ہے۔موبائل فون چوری یا چھین لیا جائے تو اس کو اب آسانی سے ریکور کیا جاسکتا ہے۔پنجاب پولیس نے ای گیجٹ نام کی موبائل ایپ متعارف کرائی ہے جسے آسانی سے پلے سٹور سے مفت ڈان کیا جاسکتا ہے،جس کے بعد کوئی بھی دکاندار اس کی مدد سے باآسانی جان سکے گا کہ اس کے پاس موجود موبائل فون جو کہ فروخت کرنے کیلئے آیا ہے کسی واردات میں ملوث یا چوری کا تو نہیں ہے جس بابت خدشہ ہونے یا یا علم ہونے کی صورت میں فوری متعلقہ پولیس کو اطلاع دی جاتی ہے دور حاضر میں پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کئی وارداتیں ٹریس کی جارہی ہیں جو کہ معاشرے میں پولیس کے وقار کو مزید بلند کر رہا ہے

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: پولیس نے سال 2022 میں ای گیجٹ ایپ کی مدد سے چوری اور چھینے گئے لاکھوں روپے مالیت کے 710 موبائل فون ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے